© rasailojaraid.com



# وقت کی آواز ___ فحاشی کے خلاف جہاد

پاکستان کی نوجوان نسل جس تیزی سے فحاشی کے سمندر میں ڈوب رہی ہے مساجد کے مینار دور کھڑے اسے تشویش کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ بے حیائی کا سیلاب ثقافت فیشن اور شو بز کے نام پر ہمارے گھروں میں داخل ہو چکا ہے۔ چادر اور چار دیواری کی اوٹ میں گناہ جسموں سے جس طرح اٹھکیلیاں کر رہے ہیں وہ اعداد و شمار اگر سامنے آجائیں تو ہر فرد ہکا بکا رہ جائے! ہولناک نتائج بتدریج سامنے آرہے ہیں کہ عورتیں کپڑے پہن کر بھی عریاں ہیں اور جسموں کی نمائش ۔نے ہمارا ہر گھر فلمی سٹوڈیو اور بازار بازار حسن بنا رکھا ہے ------ اور ہم سارے خوش ہیں!!! صورتحال تو یہ ہے کہ فحاشی بھی زبان حال سے پکار پکار کر کہہ رہی ہے جسے غرور ہو آئے کرے شکار مجھے۔

## جہاد کی ضرورت

کچھ غیرت مند اور دیوانے اگر کبھی کبھی اور کہیں کہیں کوئی کارروائی کرتے ہیں تو ذہنی اپاہج اور بے غیرت اسے غیر اخلاقی قرار دیتے ہیں مسلمانوں کو مارنے کے لئے اسلحہ اور زہر کی نہیں حکمت عملی کی ضرورت ہے اور ہمیں جس تسلسل اور باقاعدگی سے بے غیرت بنایا جا رہا ہے اور یہ اسی حرکت کا سب سے بڑا ثبوت ہے کہ ہم مان بھی نہیں رہے۔ لیکن ملک کے چند سرفروشوں نے ان حالات میں فحاشی کے خلاف جہاد کا فیصلہ کیا ہے اور اللہ کے قرآن اور محمد ﷺ کے فرمان کی روشنی میں معاشرتی جہاد کا فیصلہ کیا ہے۔ ابتداء میں رائے عامہ کو ہموار کرنے کے لئے درج ذیل پروگرام پر عمل کو یقینی بنایا جائے گا۔

1- فحاشی کیخلاف ہینڈ بل　2- سٹکرز　3- بینرز　4- چاکنگ　5- قراردادیں
6- پریس کانفرنسیں　7- حکام سے وفود کی ملاقاتیں　8- سیمینار　9- عدالتی چارہ جوئی　10- پردہ کی ترغیب

- ہر چھوٹے بڑے شہر میں تحریک کی شاخیں کھولی جائیں گی۔
- دفاتر قائم کرکے سرفروشوں کی رکنیت سازی ہوگی۔
- ہر شہر کو جہاد کے اخراجات خود پورا کرنے ہونگے۔
- نہ جھکنے والے نہ بکنے والے اور نہ دبنے والے آگے آئیں۔ عہدوں کے لالچی زحمت نہ کریں۔

اندرون و بیرون ملک مخیر اور صاحب استطاعت افراد سے تعاون کی اپیل ہے پہلی بار ایک منظم ملک گیر کوشش کو بار آور کرنے میں ہر فرد اپنا کردار ادا کرے آپ ہمارے ہاتھ مضبوط کیجئے ہم آپ کو مثبت نتائج برآمد ہونے کی یقین دہانی کراتے ہیں۔

اکرام الحق جاوید (کنوینر)

## تحریک انسداد فحاشی-پاکستان

دفتر: 59- اوسر کلر روڈ- راولپنڈی ڈاک ایڈریس: پوسٹ بکس نمبر 1430 راولپنڈی فون 556806-051

© rasailojaraid.com